# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON THE CIVIL SERVANTS (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Cabinet Secretariat, have the honour to present this report on the Bill further to amend The Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 29th October, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **1)** | **Mr. Ibrar Ahmed** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Ehsan-ul-Haq Bajwa | Member |
| 3) | Ms. Tahira Aurangzeb | Member |
| 4) | Ms. Nuzhat Sadiq | Member |
| 5) | Mr. Nelson Azeem | Member |
| 6) | Ms. Farah Naz Akbar | Member |
| 7) | Pir Ameer Ali Shah Jeelani | Member |
| 8) | Makhdoom Jamil-uz-Zaman | Member |
| 9) | Mr. Irfan Ali Leghari | Member |
| 10) | Syed Rafiullah | Member |
| 11) | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12) | Ms. Rana Ansar | Member |
| 13) | Mr. Mohammad Awn Saqlain | Member |
| 14) | Mr. Muhammad Aslam Ghumman | Member |
| 15) | Mr. Ali Asghar Khan | Member |
| 16) | Mr. Khurram Munawar Manj | Member |
| 17) | Syed Raza Ali Gillani | Member |
| 18) | Ms. Shandana Gulzar Khan | Member |
| 19) | Sayed Sami Ullah | Member |
| 20) | Ms. Shahida Begum | Member |
| 21) | Minister in-charge of the Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A**, in its meetings held on 10th & 22nd July and 21st August, 2025. The Committee recommended that the Bill may not be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, 25th September, 2025

**Sd/-**
**(IBRAR AHMED)**
Chairman

Annex-A

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Civil Servants Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as under:

1. **Short title and commencement.**-- (1) This Bill shall be called the Civil Servants (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 14, LXXI of 1973.**- In the Civil Servants Act, 1973 ( LXXI of 1973), in section 14, in sub-section (1), the expression "unless such re-employment is necessary in the public interest and is made with the prior approval of the authority next above the appointing authority" shall be omitted.

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The Civil Servants Act, 1973, provides the legal framework for the appointment, promotion, and retirement of civil servants in Pakistan. However, the practice of re-employing retired civil servants on contractual or extended terms has raised concerns about transparency, merit, and the proper functioning of the civil service. Re-employment or extensions in service often limit opportunities for new talent, disrupt the career progression of serving officers, and create an undue reliance on retired individuals instead of fostering institutional growth and innovation.

This amendment seeks to ensure a clear and fair retirement policy by prohibiting the re-employment of retired civil servants in any capacity. It aims to open up opportunities for younger officers, encourage merit-based promotions, and strengthen the principle of finality in retirement.

The proposed amendment reinforces the commitment to good governance, and transparency in the functioning of the civil service in Pakistan.

The Bill seeks to achieve the above said objectives.

Sd/-
SAHIBZADA SIBGHATULLAH,
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ، ۲۹ اکتوبر ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **جناب ابرار احمد** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب احسان الحق باجوہ | رکن |
| ۳۔ | محترمہ طاہرہ اورنگزیب | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نزہت صادق | رکن |
| ۵۔ | جناب نیلسن عظیم | رکن |
| ۶۔ | محترمہ فرح ناز اکبر | رکن |
| ۷۔ | پیر امیر علی شاہ جیلانی | رکن |
| ۸۔ | مخدوم جمیل الزمان | رکن |
| ۹۔ | جناب عرفان علی لغاری | رکن |
| ۱۰۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد عون ثقلین | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اسلم گھمن | رکن |
| ۱۵۔ | جناب علی اصغر خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب خرم منور منج | رکن |
| ۱۷۔ | سید رضا علی گیلانی | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ شاندانہ گلزار خان | رکن |
| ۱۹۔ | سید سمیع اللہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شاہدہ بیگم | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۰ اور ۲۲ جولائی اور ۲۱ اگست، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔الف پر موجود بل کو منظور نہ کرے۔

دستخط/-

(طاہر حسین)

سیکرٹری جنرل

اسلام آباد، ۲۵ ستمبر، ۲۰۲۵ء

دستخط/-

(ابرار احمد)

چیئرمین

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۱۴ کی ترمیم۔** دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں، دفعہ ۱۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت "بجز اس کے کہ عوامی مفاد میں ایسی باز تقرری ضروری ہو اور تقرری کرنے کی اتھارٹی سے بالا اتھارٹی کی پیشگی منظوری سے تقرری کی جائے" کو حذف کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء پاکستان میں دیوانی ملازمین کی تقرری، ترقی اور ریٹائرمنٹ کے لیے قانونی ضابطہ کار کی صراحت کرتا ہے۔ تاہم، ریٹائرڈ دیوانی ملازمین کو معاہداتی یا توسیعی شرائط پر دوبارہ ملازمت پر رکھنے کے عمل نے شفافیت، میرٹ اور سول سروس کے مناسب طور پر کام کرنے کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ دوبارہ ملازمت یا ملازمت میں توسیع اکثر اوقات نئے ٹیلنٹ کے لیے مواقع کو محدود کر دیتی ہے، حاضر سروس افسران کی پیشہ وارانہ ترقی میں رکاوٹ حائل کر دیتی ہے اور ادارہ جاتی ترقی و اختراع کو فروغ دینے کی بجائے ریٹائرڈ افراد پر غیر ضروری انحصار پیدا کر دیتی ہے۔

ترمیم ہذا کا مقصد ریٹائرڈ دیوانی ملازمین کی کسی بھی حیثیت میں دوبارہ ملازمت پر پابندی عائد کرتے ہوئے ایک واضح اور منصفانہ ریٹائرمنٹ پالیسی کو یقینی بنانا ہے۔ اس کا مقصد نوجوان افسران کے لیے مواقع فراہم کرنا، میرٹ پر مبنی ترقیوں کی حوصلہ افزائی کرنا اور ریٹائرمنٹ میں اختتام پذیری کے اصول کو مضبوط بنانا ہے۔

مجوزہ ترمیم پاکستان میں سول سروس کے امور میں بہتر نظم و نسق اور شفافیت کے عزم کو تقویت بخشتی ہے۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

صاحبزادہ صبغت اللہ

رکن، قومی اسمبلی